(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

## خواتین

خواتین کے حقوق

# تقریباً دو تہائی (65%) پاکستانی خلع کو خواتین کیلئے ایک لازمی قانونی حق سمجھتے ہیں۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**
(اسلام آباد)، 03 اپریل 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً دو تہائی (65%) پاکستانی خلع کو خواتین کیلئے ایک لازمی قانونی حق سمجھتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ پاکستان میں خواتین کے لیے خلع ایک لازمی قانونی حق ہے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں49% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے ”مکمل متفق“ ہیں کہ پاکستان میں خواتین کے لیے خلع ایک لازمی قانونی حق ہے، 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس سے ”کسی حد تک متفق“ ہیں، 6% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس سے ”نہ متفق نہ ہی غیر متفق“ ہیں، 8% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس سے ”کسی حد تک غیر متفق“ ہیں، جبکہ 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے ”مکمل غیر متفق“ ہیں کہ پاکستان میں خواتین کے لیے خلع ایک لازمی قانونی حق ہے، تاہم 11% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**”برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ پاکستان میں خواتین کے لیے خلع ایک لازمی قانونی حق ہے؟"**

پاکستان بھر سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** خواتین (14%) کی نسبت مرد حضرات (22%) کی تقریباً 6% زیادہ شرح اس سے غیر متفق نظر آئی کہ خواتین کے لیے خلع ایک لازمی قانونی حق ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 785 خواتین اور مرد حضرات سے 17th تا 22nd جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 3rd April 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)